سراپائے رسول

از جناب اعجاز الحق قدوسی، تقطیع خورد ضخامت ۱۱۲ صفحات، کتابت وطباعت بہتر قیمت ۱۴/ پتہ: مکتبہ نشاۃ ثانیہ حیدرآباد دکن

یہ کتاب بچوں اور بچیوں کے لئے لکھی گئی ہے جس میں آں حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا حلیہ مبارک۔ آپ کے معمولات عادات وخصائل، اخلاق ومکارم، طعام ولباس کو پسندیدہ چیزیں اور عبادات وغیرہ سہل وسلیس اور عام فہم زبان میں لکھی گئی ہیں مکاتب ومدارس کے علاوہ متوسط درجہ کی اردو استعداد رکھنے والے بھی اس سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں واقعات سب مستند ہیں اور انداز بیان دل نشین ہے۔

الدر الثمین پر ایک نظر

از جناب ابوتمکین افتخار احمد تقطیع خورد ضخامت ۱۸۸ صفحات کتابت وطباعت متوسط درجہ کی قیمت ۲/ پتہ: مکتبہ ایوان اشاعت آرام باغ روڈ کراچی ۱

مولانا تمنا عمادی مجیبی نے "الدر الثمین لملک الیمین" کے نام سے چند سال ہوئے ایک کتاب لکھی تھی جس میں اسلام میں غلامی کے مسئلہ سے متعلق اپنے متجددانہ خیالات ظاہر کرتے ہوئے لکھا تھا کہ اسلام میں باندیوں سے استمتاع بغیر نکاح کے جائز ہی نہیں ہے جناب ابوتمکین صاحب نے زیر تبصرہ کتاب میں اسی الدر الثمین پر تعقبات وایرادات کیے ہیں جیسا کہ موصوف نے خود لکھا ہے بعض ناگزیر حالات کے باعث ان کو باقاعدہ مرتب شکل میں کتاب لکھنے کا موقع نہیں ملا اور اس کتاب کی حیثیت چند نوٹوں اور یادداشتوں کی ہے تاہم ملک یمین کے مسئلہ پر علمی حیثیت سے بہت سی باتیں کام کی اور مفید آگئی ہیں جن لوگوں کو اس مسئلہ پر مطالعہ کا ذوق ہو ان کو یہ کتاب ضرور پڑھنی چاہیے۔